**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 13.08.2024**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | مستقبل قریب میں ہم پیٹرول اور ڈیزل گاڑیوں کو الوداع کہہ دیں گے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ملک دشمن قوتیں تین محاذوں پر سرگرم حکومت تمام سازشوں کا قلع قمع کرے گی، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کیلئے کام کیا ہے، میر علی حسن زہری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | زرعی پیداوار میں بہتری کاشتکاروں کے مسائل حل کئے جائینگے، بابا غلام رسول عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | کھیل کے میدانوں کو آباد کرنا حکومت کا وژن ہے، نسیم الرحمٰن | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | ہشت گردوں کا مقابلہ پوری قوت سے کرینگے، ضیاء لانگو | آزادی ودیگر اخبارات |
| 08 | نوجوان کسی بھی قوم کا حقیقی سرمایہ ہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی | باخبر ودیگر اخبارات |
| 09 | دہشت گردانہ کارروائیوں سے قوم اور حکومت کا عزم متزلزل نہیں ہوگا، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | یوتھ قوم کا سرمایہ ترقی وخوشحالی کیلئے کردار ادا کرینگے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | انڈومنٹ فنڈ سے 377 مریضوں کیلئے 68 کروڑ روپے کی منظوری دی، ولی نورزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | کوئٹہ سڑکوں کی مرمت میں ناقص میٹریل کے خلاف جلد کارروائی کرینگے، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | حلقے میں جلد ترقیاتی سرگرمیوں کا آغاز کرینگے، علی مدد جتک | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | سردار کھیتران کا ڈپٹی کمشنر پنجگور کی شہادت پر اظہار افسوس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15 | سرکاری سطح پر خواتین کیلئے محفوظ پناہ گاہوں کا قیام ضروری ہے، غزالہ گولہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16 | گھوسٹ ملازمین کی برطرفی کا عمل 50 فیصد مکمل کرلیا گیا، کمشنر کوئٹہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 17 | سبی، کوہلو، ہرنائی، ڈیرہ بگٹی، سوئی، زیارت میں سیکورٹی انتظامات | انتخاب ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

مستونگ مسلح افراد کی فائرنگ ڈپٹی کمشنر پنجگور جاں بحق، ڈسٹرکٹ چیئرمین اور ایک راہ گیر زخمی، کوئٹہ دستی بموں کے دو حملے، 4 بچوں سمیت 7 افراد زخمی، منگچر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ٹریلر کے ٹائر برسٹ ہوگئے، جھل مگسی میں مسلح افراد موٹر سائیکل چھین کر فرار، بارکھان لیویز فورس کی گاڑی پر حملہ گاڑی کے شیشے توڑے گئے۔

## عوامی مسائل:

شہر اور نواحی علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ سے عوام پریشان، شاہ نورانی پل بہہ جانے سے زائرین سمیت مکینوں کو مشکلات کا سامنا

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 13.08.2024

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "حکومت اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کے درمیان مذاکرات کامیاب بلوچستان کے سیاسی و معاشی مسائل کا حل نکالنے کی ضرورت " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں 11 روز کے دھرنے کے بعد بلوچ یکجہتی کمیٹی اور حکومت کے درمیان مذاکرات بلاآخر کامیاب ہوگئے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قیادت نے گرفتار افراد کی بڑی تعداد میں رہائی کے بعد کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں میں بھی دھرنوں کو ختم کردیا۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ گوادر میں بلوچ راجی مچی یعنی بلوچ قومی اجتماع کی مناسبت سے کوئٹہ سے گرفتار 155 افراد کو رہا کردیا گیا ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی نے جمع رات کی شب حکومت سے مذاکرات کے بعد 11 روز تک جاری رہنے والے دھرنے کو ختم کیا تھا۔ حکومت اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کے درمیان 7 نکاتی معاہدے میں حکومت تین رکنی وزراء پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دے گی جو کہ طے شدہ معاہدے پر عملدرآمد یقینی بنائے گی۔ کمیٹی بلوچ یکجہتی کمیٹی سمیت کسی بھی فرد کو اپنی سہولت کے لئے بلا سکے گی۔ راجی مچی کے دوران تمام گرفتار افراد کو رہا کیا جائے گا اور ایف آئی آرز ختم کی جائیں گی ماسوائیان ایف آئی آرز کے جو کہ جانی نقصان سے وابستہ ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Rising unemployment " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "یوم آزادی اور نیو گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ " کے عنوان سے صابر مغل کا مضمون تحریر کیا ہے۔
روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "تحریک آزادی میں بلوچستان کا کردار " کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 13 AUG 2024 Page No. 1


# بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

## صوبے کے نوجوانوں کو روزگار کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، شہباز شریف

## زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کا بلوچستان کے کسانوں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو گیا، سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر مالک بلوچ

## نائب چیئرمین ... قومی اسمبلی نیشنل پارٹی کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات، بلوچستان کی سیاسی و مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (ام احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے صدر نیشنل پارٹی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ جس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 13 AUG 2024

Page No. 2

## مستقبل قریب میں ہم پیٹرول اور ڈیزل گاڑیوں کو الوداع کہہ دیں گے، گورنر

**چینی کمپنیوں کی جانب سے الیکٹرک کاریں متعارف کرائے جانے سے صوبے کی معیشت پر انقلابی اثرات مرتب ہونگے**

**بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کیا جائے، چینی کمپنی کے وفد، سی ای او کیسکو اور سابق گورنر اسٹیٹ بینک سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم مستقبل قریب میں پیٹرول اور ڈیزل گاڑیوں کو ہمیشہ کے لیے الوداع کہہ دیں گے۔ اس ضمن میں چینی گروپ آف کمپنیوں کی جانب سے بلوچستان میں الیکٹرک کاریں متعارف کرائے جانے سے صوبے کی معیشت پر انقلابی اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ اس تبدیلی سے ہمیں آلودگی پھیلانے والی پٹرول اور مہنگی ڈیزل گاڑیوں سے نجات دلانے میں کامیاب ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چائنیز گروپ آف کمپنیز کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع دستیاب ہیں ضروری ہے کہ قومی اور بین الاقوامی سرمایہ کار ان منافع بخش مواقعوں سے استفادہ کریں۔ حکومت تمام سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ الیکٹرک کاریں متبادل میں سستی اور آلودگی سے پاک گاڑیاں پیش کرتی ہیں۔ بالفاظ دیگر یہ ماحول کیلئے نقصان دہ پٹرول اور ڈیزل گاڑیوں کو ختم کرنے کی طرف ایک اہم قدم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیاں خاص طور پر سرکاری افسران کیلئے زیادہ سودمند ہونگیں اور اس سے محکمہ کی سطح پر بے جا اخراجات میں خاطر خواہ کمی بھی آئیگی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ حوصلہ افزاء بات یہ ہے کہ چائنیز گروپ آف کمپنیز کی جانب سے الیکٹرک گاڑیاں کوئٹہ میں ہی تیار کرکے، ہم روزگار کے قابل قدر مواقع پیدا کرینگے اور پائیدار نقل وحمل کے حل کو فروغ سے معاشی استحکام بھی آئیگا۔ دریں اثناء گورنر نے ہدایت کی ہے کہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ فوری بند کیا جائے کیونکہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور خصوصاً اوور بلنگ کے منفی اثر کی وجہ سے بجلی کے بل ادا کرنے والے اچھے صارفین بھی اب تنگ آچکے ہیں لہٰذا آپ اپنے دفتری طریقہ کار کو بہتر بنائیں، تمام صارفین کے ساتھ مناسب رویہ رکھیں اور اچھے صارفین کو تکلیف پہنچائے بغیر مکمل وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شفقت علی کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ کسٹمر سروس کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کیلئے بجلی صارفین کی شکایات کو مؤثر طریقے سے نمٹا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا کے حکام کو واجبات کی ادائیگی پر بھرپور توجہ مرکوز رکھیں تاکہ ادارے کی مجموعی طور پر کارکردگی بہتر ہو سکے۔ ایک سوال کے جواب گورنر بلوچستان نے ضلعی انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ ضلعی کی سطح کیسکو حکام کی حفاظت کیلئے بھرپور تعاون فراہم کریں۔ گورنر بلوچستان نے واضح کر دیا کہ بڑے سرکاری دفاتر میں اوقات کار کے دوران اور صحت و تعلیم کے اہم مراکز کا بجلی کی فراہمی کے حوالے سے بہت خیال رکھیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سابق گورنر ڈاکٹر عشرت حسین سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بات چیت کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتوں پر دور افتادہ پسماندہ اضلاع کے عوام کا انحصار کم کرنے، شراکتی حکومت کو مظبوط بنیادیں فراہم کرنے اور عوامی مسائل کو عوام ہی کے دہلیز پر حل کرنے کا واحد حل بلدیاتی اداروں بااختیار بنانے میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندے عوام کو درپیش روزمرہ کی مشکلات سے بخوبی واقف ہیں اور ان کی ضروریات کو سمجھنے کیلئے بہترین پوزیشن میں ہیں۔ ملاقات میں شراکتی حکومت کا تصور، بلدیاتی حکومتوں کا آئینی تحفظ، گورننس کے فوری نتائج، اور پائیدار ترقی کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔



کوئٹہ، گورنر جعفر مندوخیل سے سی ای او شنگھائی انٹرنیشنل ٹریڈنگ یاسر بھمانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

MASHRIQ QUETTA

## بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، گورنر بلوچستان

**بجلی لوڈ شیڈنگ اور خصوصاً اوور بلنگ سے بجلی کے بل ادا کرنے والے صارفین بھی اب تنگ آچکے ہیں**

**بڑے سرکاری دفاتر اور صحت و تعلیم کے اہم مراکز کو بجلی کی فراہمی کے حوالے سے بہت خیال رکھا جائے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہدایت کی کہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ فوری بند کیا جائے کیونکہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور خصوصاً اوور بلنگ کے منفی اثر کی وجہ سے بجلی کے بل ادا کرنے والے اچھے صارفین بھی اب تنگ آچکے ہیں لہٰذا آپ اپنے دفتری طریقہ کار کو بہتر بنائیں، تمام صارفین کے ساتھ مناسب رویہ رکھیں اور اچھے صارفین کو تکلیف پہنچائے بغیر مکمل وولٹیج ........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ کسٹمر سروس کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کیلئے بجلی صارفین کی شکایات کو موثر طریقے سے نمٹا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا کے حکام کو واجبات کی ادائیگی پر بھرپور توجہ مرکوز رکھیں تاکہ ادارے کی مجموعی طور پر کارکردگی بہتر ہو سکے



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے شنگھائی انٹرنیشنل ٹریڈنگ کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر یاسر بھمانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کو شنگھائی انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی کا وفد بریفنگ دے رہا ہے


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمن

جلد 53 | منگل 7 صفر المظفر 1446ھ 13 اگست 2024ء | نمبر 221 | قیمت 30 روپے


# حکومت تمام سازشوں کا قلع قمع کریگی، سرفراز بگٹی

## ملک دشمن قوتیں تین محاذوں پر سرگرم

سوشل میڈیا کو بری طرح استعمال کیا گیا، جھوٹے بیانیے اور پروپیگنڈے سے ریاست اور نوجوانوں میں دوریاں پیدا کرنیکی کوشش کی گئی، خطاب

**سی پیک منصوبوں کی تکمیل سے مثبت اثرات مرتب ہونگے، چینی وفد سے گفتگو، اقلیتوں کی تقریب میں کیک کاٹا، قابلائی خان کی بھی ملاقات**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش وخروش سے مناتی ہیں بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جارہی ہیں ریاست اور نوجوانوں کے درمیان پہاڑوں پر بیٹھ کر یا سوشل میڈیا پر دوریاں پیدا کرنے کی کوشش کررہے ہیں صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو آل بلوچستان جشن آزادی شوٹنگ چمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور اعلیٰ افسران بھی موجود تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش وخروش سے مناتی ہیں بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ رائفل شوٹنگ نشانہ بازی کا کھیل بلوچ، پشتون اور مقامی قبائل کا کلچر رہا ہے تاہم کچھ عرصہ سے یہ کھیل نظر انداز رہا اور موجودہ وقت اس کھیل کو زندہ کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی جشن آزادی کی تقریبات میں بہت کم وقت میں بہتر اور شاندار انداز میں رائفل شوٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ کھیلوں کو فروغ دیکر شدت پسندی کے رویوں کو بدلا جاسکتا ہے ملک دشمن قوتیں بلوچستان میں تین مختلف محاذ پر سرگرم ہیں جن کا ادراک ضروری ہے سوشل میڈیا اچھی چیز تاہم بدقسمتی سے اس کا منفی استعمال کیا جارہا ہے دنیا نے اخلاقی اقدار کو مضبوط خطوط پر استوار کرکے سوشل میڈیا کو اپنایا جبکہ بلوچستان کے تناظر میں سوشل میڈیا کے ہتھیار کو بری طرح استعمال کیا گیا اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پروپیگنڈے کے ذریعے ریاست اور نوجوانوں میں دوریاں پیدا کرنے کی کوششیں کی گئیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں شنگھائی اے ذی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں نجی چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سی پیک کے تحت جی ٹو جی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا معاشی واقتصادی سرگرمیوں کی تیزی سے بلوچستان میں روزگار اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آئیں گے جس سے بلوچستان میں سماجی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا۔ اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سربراہ سعید احمد بھی موجود تھے۔ دریں اثناء وزیر اعلی سرفراز بگٹی نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے قومی دن کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار اور ہندو اقلیت کی جانب سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور کیک کاٹا اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے اور صوبے میں صدیوں سے آباد اقلیتوں کے مقامی افراد کے مابین خوشگوار اور عزت واحترام پر مبنی رشتے قائم ہیں بلوچستان حکومت کی کوشش ہے کہ اقلیتوں کی فلاح اور بہبود کیلئے اقلیتی نمائندوں کی مشاورت سے ایسے ترقیاتی اور سماجی بہبود کے منصوبے تشکیل دیے جائیں جس سے اقلیتوں کی بہتری ممکن ہوسکے۔ وزیر اعلی سے کیوبنگ کے قومی مقابلوں میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کوئٹہ علمدار روڈ کے رہائشی نوجوان قابلائی خان نے ملاقات کی اس موقع پر وزیر اعلی بلوچستان نے ملک گیر سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر نوجوان کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور محنت کو سراہا۔

# اس سال صوبے بھر میں جشن آزادی جوش وخروش سے منایا جائیگا، وزیر اعلیٰ

**بلوچستان کے محب وطن عوام کسی بھی بیرونی اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے وزیر اعلیٰ نے جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گھوڑ سواری گالا میں شرکت کی اور مختلف ٹیموں کے مابین نیزہ بازی، ہارس جمپنگ کے مقابلوں گھوڑا رقص، روایتی بلوچی چاپ اور پولو میچ دیکھا وزیر اعلیٰ نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے زندہ قومیں جشن آزادی کو پورے جوش و جذبے کے ساتھ مناتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سال جشن آزادی کو پورے صوبے میں جوش وخروش سے منایا جائے گا صوبے کے مختلف علاقوں میں ماہ اگست کے اوائل سے ہی جشن آزادی کی تقاریب کا سلسلہ جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا بلوچستان کے خلاف ایک منظم سازش جاری ہے اور ہم سب نے مل کر اس کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے نوجوانوں کو ففتھ جنریشن وار فیئر کے ذریعے ایک منفی پروپیگنڈے کا حصہ بنایا جارہا ہے لیکن بلوچستان کے لوگ پاکستان سے محبت کرنے والے لوگ ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی ایجنڈے کا آلہ کار نہیں بنیں گے بلوچستان کے عوام پاکستان کی سالمیت دفاع اور استحکام کے لیے ایک مضبوط چٹان کی مانند کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ نے گھوڑ سواری میلے میں مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا اور مقابلوں میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات کی بھی تعریف کی وزیر اعلیٰ نے مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو انعامات بھی دیے تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ کھلاڑیوں اور عام عوام میں گھل مل گئے کھلاڑیوں اور عوام نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ سیلفیاں بھی بنائی اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر، صوبائی وزراء، اراکین قومی اسمبلی، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی سمیت اعلیٰ سول حکام بھی اس موقع تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایڈیٹر/ سید ممتاز احمد
جلد 53 منگل 07 صفر 1446ھ 13 اگست 2024ء صفحات 08 شمارہ 45
رجسٹرڈ BC-m-13 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

Bullet No. 1

Page No. 4

# بلوچستان کے عوام محب وطن کسی بیرونی اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے، بگٹی

**ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے**

**ایسے عناصر کا قلع قمع کریں گے جو ریاست اور نوجوانوں کے درمیان پہاڑوں پر بیٹھ کر یا سوشل میڈیا پر دوریاں پیدا کر رہے ہیں وطن عزیز کے لئے قربانی سے دریغ نہیں کریں گے**

**رائفل شوٹنگ نشانہ بازی کا کھیل بلوچ، پشتون اور مقامی قبائل کا کلچر رہا ہے زندہ قومیں جشن آزادی کو پورے جوش وجذبے کے ساتھ مناتی ہیں، جشن آزادی کی تقریبات سے خطاب**

**وزیراعلیٰ بلوچستان سے شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد کی ملاقات، سی پیک منصوبوں سے معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر+خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے در پے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو آل بلوچستان جشن آزادی شوٹنگ چیمپین شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور اعلیٰ افسران بھی موجود تھے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ رائفل شوٹنگ نشانہ بازی کا کھیل بلوچ، پشتون اور مقامی قبائل کا کلچر رہا ہے تاہم کچھ عرصہ سے یہ کھیل نظر انداز رہا اور موجودہ وقت اس کھیل کو........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

زندہ کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی جشن آزادی کی تقریبات میں بہت کم وقت میں بہتر اور شاندار انداز میں رائفل شوٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کھیلوں کو فروغ دیکر شدت پسندی کے رویوں کو بدلا جاسکتا ہے ملک دشمن قوتیں بلوچستان میں تین مختلف محاذ پر سرگرم ہیں جن کا ادراک ضروری ہے سوشل میڈیا اچھی چیز تاہم بدقسمتی سے اس کا غلط استعمال کیا جارہا ہے دنیا نے اخلاقی اقدار کو مضبوط خطوط پر استوار کرکے سوشل میڈیا کو اپنایا جبکہ بلوچستان کے تناظر میں سوشل میڈیا کے ہتھیار کو بری طرح استعمال کیا گیا اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پروپیگنڈے کے ذریعے ریاست اور نوجوانوں میں دوریاں پیدا کرنے کی کوششیں کی گئیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ سازشوں کے تدارک کے لئے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کی ضرورت ہے اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ بے بنیاد پروپیگنڈوں اور غلط بیانیہ کی حقیقت عوام اور نوجوانوں کے سامنے لانے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایسے تمام عناصر کا قلع قمع کریں گے جو ریاست اور نوجوانوں کے درمیان پہاڑوں پر بیٹھ کر یا سوشل میڈیا پر دوریاں پیدا کر رہے ہیں بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں اور ریاست کے خلاف تمام سازشیں ناکام ہوں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ جمہوری عمل کا حصہ ہوتے ہوئے صدر مملکت کے عہدے تک پہنچے میں نہیں سمجھتا کہ بلوچ کو اس سے بڑھ کر کسی آزادی کی ضرورت ہے ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ شمولیت کا جو فیصلہ کیا تھا اس پر قائم رہتے ہوئے اپنا لہو دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے اور وطن عزیز کی سالمیت کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے رائفل شوٹنگ چیمپین شپ میں پوزیشن حاصل کرنے والے ونرز میں شیلڈز بھی تقسیم کیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے وزیراعلیٰ جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گھوڑ سواری گالا میں شرکت کی اور مختلف ٹیموں کے مابین نیزہ بازی، ہارس جمپنگ کے مقابلوں گھوڑا رقص، روایتی بلوچی چاپ اور پولو بھی دیکھا وزیراعلیٰ نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے زندہ قومیں جشن آزادی کو پورے جوش و جذبے کے ساتھ مناتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سال جشن آزادی کو پورے صوبے میں جوش وخروش سے منایا جائے گا صوبے کے مختلف علاقوں میں ماہ اگست کے اوائل سے ہی جشن آزادی کی تقاریب کا سلسلہ جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا بلوچستان کے خلاف ایک منظم سازش جاری ہے اور ہم سب نے مل کر اس کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے نوجوانوں کو ففتھ جنریشن وارفیئر کے ذریعے ایک منفی پروپیگنڈے کا حصہ بنایا جارہا ہے لیکن بلوچستان کے لوگ پاکستان سے محبت کرنے والے لوگ ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی ایجنڈے کا آلہ کار نہیں بنیں گے بلوچستان کے عوام پاکستان کی سالمیت ودفاع اور استحکام کے لیے ایک مضبوط چٹان کی مانند کھڑے ہیں وزیراعلیٰ نے گھوڑ سواری میلے میں مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا اور مقابلوں میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات کی بھی تعریف کی وزیراعلیٰ نے مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو انعامات بھی دیے تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ کھلاڑیوں اور عام عوام میں گھل مل گئے کھلاڑیوں اور عوام نے وزیراعلیٰ کے ساتھ سیلفیاں بھی بنائی

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 2



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گھوڑ سواری گالا کے پولو میچ میں کامیاب ٹیم کے کپتان کو ٹرافی دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل بلوچستان جشن آزادی اوپن شوٹنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے شنگھائی انٹرنیشنل ٹریڈنگ چینی کا وفد سی ای او یاسر شمسانی کی سربراہی میں ملاقات کررہا ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اراکین اسمبلی اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی نورزئی، رکن صوبائی اسمبلی اصغر ترین، رکن قومی اسمبلی میاں خان بگٹی ملاقات کررہے ہیں

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار


# صوبے میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے: سرفراز بگٹی

## اقلیتوں کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں، تقریب سے خطاب

### شنگھائی اے ڈی ایم ٹریڈنگ کمپنی کے وفد اور نوجوان قابلائی خان نے بھی ملاقات کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے قومی دن کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار اور ہندو اقلیت کی جانب سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور کیک کاٹا اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 5 نمبر 17)




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر اقلیتی نمائندوں کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے اور صوبے میں صدیوں سے آباد اقلیتوں کے مقامی افراد کے مابین خوشگوار اور عزت و احترام پر مبنی رشتے قائم ہیں بلوچستان حکومت کی کوشش ہے کہ اقلیتوں کی فلاح اور بہبود کیلئے اقلیتی نمائندوں کی مشاورت سے ایسے ترقیاتی اور سماجی بہبود کے منصوبے تشکیل دیئے جائیں جس سے اقلیتوں کی بہتری ممکن ہو سکے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کیو بنگ کے قومی مقابلوں میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کوئٹہ علمدار روڈ کے رہائشی نوجوان قابلائی خان نے ملاقات کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ملک گیر سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر نوجوان کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور محنت کو سراہا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں نے اپنی صلاحیتوں کی بدولت عالمی اور قومی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کیا ہے ہمیں اپنے باصلاحیت نوجوانوں پر فخر ہے اور ہماری کوشش ہے کہ باصلاحیت نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں ملکی چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سی پیک کے تحت بین الاقوامی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا معاشی و اقتصادی سرگرمیوں کی تیزی سے بلوچستان میں روزگار اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آسکیں گے جس سے بلوچستان میں سماجی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا، اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سربراہ سعید احمد بھی موجود تھے۔




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل بلوچستان جشن آزادی اوپن شوٹنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیرداخلہ میر ضیاء لانگو اور نئے تعینات ہونے والے ایڈیشنل چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 240، منگل، 7 صفر المظفر، 13 اگست 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# ملک دشمن عناصر تشدد کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ

بلوچستان دشمن قوتوں کے نشانے پر ہے، یہاں کے لوگ محب وطن اور آزاد ہیں، جشن آزادی جوش و جذبے سے منائینگے

**سوشل میڈیا کے ذریعے ریاست و صوبے کے لوگوں میں دوریاں پیدا کرنیکی کوشش کرنیوالوں کو شکست دینگے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگ محب وطن اور آزاد ہیں، ہمارے بزرگوں نے پاکستان کیساتھ شمولیت کا جو فیصلہ کیا اس پر قائم رہتے ہوئے اپنا لہو دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے آل بلوچستان جشن آزادی شوٹنگ چمپیئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، بخت محمد کاکڑ اور سلیم کھوسہ (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ زندہ قومیں اپنی آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں معاشرے کے ہر فرد نے اس میں حصہ لینا ہوتا ہے صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جشن آزادی کو اسی جوش و جذبہ کیساتھ منائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نشانہ بازی بلوچ، پشتون، سیٹلر، ہزارہ کی ثقافت کا حصہ ہے اس کھیل کو زندہ کرنے کی ضرورت ہے اس لیے حکومت نے نشانہ بازی کے مقابلے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا اور انتہائی مختصر وقت میں اس پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان دشمن قوتوں کی زد پر ہے جو پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں بلوچستان کے اپنے مخصوص حالات ہیں ان کو سامنے رکھتے ہوئے ایک مخصوص ٹولہ پروپیگنڈہ کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے، انہوں نے کہا کہ جوں ہی اگست کا مہینہ شروع ہوا جب تک مارچ وغیرہ تھا اور جہاں سے گزر رہا اس کے بعد وہاں پر راکٹ، دستی بم حملے ہو رہے ملک دشمن عناصر تشدد کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنا چاہتے ہیں، ریاست اور عوام کے درمیان دوریاں پیدا کرنا چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ بڑی تنقید ہوتی ہے جب ہم سوشل میڈیا کیخلاف بولتے ہیں لیکن ایمانداری سے کہتا ہوں کہ دنیا نے اس کو تب اپنایا جب اپنے اخلاقی اقدار کو مضبوط خطوط پر استوار کر کے اپنا انفراسٹرکچر بہتر کر چکے تھے تب انہوں نے فور جی اور فائیو جی کا استعمال شروع کیا لیکن بلوچستان کے تناظر میں سوشل میڈیا کو ریاست کیخلاف استعمال کیا جا رہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف حکومت کو اس کا احساس ہے بلکہ حکومت اس کے سدباب کا سوچ رہی ہے کہ وہ کون سا طریقہ اختیار کیا جائے جس سے اس ٹیکنالوجی کا دنیا میں مقابلہ بھی کیا جا سکے اور ریاست مخالف سازش کو روکا بھی جائے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا سب سے خطرناک ہے بحیثیت حکومت ہم کو ان کی انٹینشن کا پتہ ہے، جو لوگ پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں پہاڑوں پر بیٹھ کر بندوق کے ذریعے کنٹرول کرنا چاہتے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے ریاست اور بلوچستان کے لوگوں کے درمیان فاصلہ پیدا کرنا چاہتے ہیں حکومت ان کیخلاف لیڈ لے گی اور جو سوشل میڈیا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی یہ کوشش ناکام ہوگی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں اور آزاد ہیں بلوچ جمہوری عمل کا حصہ ہوتے ہوئے صدر مملکت کے عہدے تک پہنچے، آج صدر مملکت بھی ایک بلوچ ہے نہیں کہتا کہ بلوچ کو اس سے بڑھ کر کسی آزادی کی ضرورت ہے، ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ شمولیت کا جو فیصلہ کیا تھا اس پر قائم رہتے ہوئے اپنا لہو دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے، بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں ریاست کے خلاف تمام سازشیں ناکام ہوں گی۔

# مستونگ فائرنگ، ڈپٹی کمشنر پنجگور جاں بحق، ڈسٹرکٹ چیئرمین سمیت 2 زخمی

**وزیراعلیٰ کی شدید مذمت**

ذاکر بلوچ اپنی گاڑی میں پنجگور سے کوئٹہ آرہے تھے، پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک بھی ہمراہ تھے، کھڈ کوچہ میں فائرنگ کردی گئی

**کوئٹہ منتقلی کے دوران ڈپٹی کمشنر جاں بحق ہوگئے، دہشتگردوں کا آخری حد تک پیچھا کرینگے، واقعہ انتہائی افسوسناک، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ جاں بحق جبکہ ڈسٹرکٹ کونسل پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک بلوچ سمیت دو افراد زخمی ہوگئے، لیویز حکام کے مطابق ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ اپنی گاڑی میں (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

ڈسٹرکٹ کونسل پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک بلوچ کے ہمراہ پنجگور سے کوئٹہ آرہے تھے جب ان کی گاڑی مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں بدرنگ کے مقام پر پہنچی تو مسلح افراد نے ان کی گاڑی پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے نتیجے میں ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ اور ڈسٹرکٹ کونسل پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک بلوچ سمیت دو افراد زخمی ہوگئے، زخمیوں کو طبی امداد کیلئے نواب غوث بخش رئیسانی اسپتال مستونگ منتقل کیا گیا جبکہ ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ کو تشویشناک حالات میں مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کیا جارہا تھا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے ڈسٹرکٹ کونسل پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک بلوچ اور احمد جان کو مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کیا گیا، تاہم ان کی حالت خطرے سے باہر ہے، لیویز اور ایف سی نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی واضح رہے ڈسٹرکٹ کونسل پنجگور کے چیئرمین عبدالمالک بلوچ رکن صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ کے بھائی ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں فائرنگ کے واقعہ میں ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

پنجگور ذاکر بلوچ کی رحلت اور دیگر افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے فوری کارروائی کا حکم دیا ہے، یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ مستونگ کے قریب پیش آنے والا دہشت گردی کا واقعہ قابل مذمت ہے ذاکر بلوچ حکومت بلوچستان کے ایک باصلاحیت افسر تھے، جنہوں نے مختلف ذمہ داریاں احسن طریقہ سے نبھائیں شہید سول سروس کا ابھرتا ہوا درخشاں ستارہ تھے جن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعہ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو معاف نہیں کیا جائے گا دہشت گردوں کا آخری حد تک پیچھا کریں گے دہشت گردوں کے خلاف لڑائی میں سب کو متحد ہو کر جواب دینا ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ذاکر بلوچ کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لئے دعا کی جبکہ زخمی افراد کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات

جلد نمبر 31 | بروز منگل/13 اگست 2024ء بمطابق 7 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ نمبر 221


## بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں، حکومت سیاسی عناصر کا قلع قمع کرے گی، میر سرفراز بگٹی

**مخصوص ٹولہ پروپیگنڈے کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے یہ قوتیں صوبے کے تین مختلف محاذ پر سرگرم ہیں**

**سوشل میڈیا کا منفی استعمال کیا جارہا ہے، سازشوں کے تدارک کیلئے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کی ضرورت ہے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو آل بلوچستان جشن آزادی شوٹنگ چمپین شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب

بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور اعلیٰ افسران بھی موجود تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ رائفل شوٹنگ نشانہ بازی کا کھیل بلوچ، پشتون اور مقامی قبائل کا کلچر رہا ہے تاہم کچھ عرصہ سے یہ کھیل نظر انداز رہا اور موجودہ وقت اس کھیل کو زندہ کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی جشن آزادی کی تقریبات میں بہت کم وقت میں بہتر اور شاندار انداز میں رائفل شوٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کھیلوں کو فروغ دیکر شدت پسندی کے رویوں کو بدلا جاسکتا ہے ملک دشمن قوتیں بلوچستان میں تین مختلف محاذ پر سرگرم ہیں جن کا ادراک ضروری ہے سوشل میڈیا اچھی چیز تاہم بدقسمتی سے اس کا منفی استعمال کیا جارہا ہے دنیا نے اخلاقی اقدار کو مضبوط خطوط پر استوار کرکے سوشل میڈیا کو اپنایا جبکہ بلوچستان کے تناظر میں سوشل میڈیا کے ہتھیار کو بری طرح استعمال کیا گیا اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پروپیگنڈے کے ذریعے ریاست اور نوجوانوں میں دوریاں پیدا کرنے کی کوششیں کی گئیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سازشوں کے تدارک کے لئے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کی ضرورت ہے اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ بے بنیاد پروپیگنڈوں اور غلط بیانیہ کی حقیقت عوام اور نوجوانوں کے سامنے لانے کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایسے تمام عناصر کا قلع قمع کریں گے جو ریاست اور نوجوانوں کے درمیان پہاڑوں پر بیٹھ کر یا سوشل میڈیا پر دوریاں پیدا کر رہے ہیں بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں اور ریاست کے خلاف تمام سازشیں ناکام ہوں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچ جمہوری عمل کا حصہ ہوتے ہوئے صدر مملکت کے عہدے تک پہنچے میں نہیں سمجھتا کہ بلوچ کو اس سے بڑھ کر کسی آزادی کی ضرورت ہے ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ شمولیت کا جو فیصلہ کیا تھا اس پر قائم رہتے ہوئے اپنا لہو دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے اور وطن عزیز کی سالمیت کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے تقریب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے رائفل شوٹنگ چمپین شپ میں پوزیشن حاصل کرنے والے ونرز میں شیلڈز بھی تقسیم کیں۔



کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے شنگھائی انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان سے شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی کے وفد کی ملاقات

**ملاقات میں نجی سرمایہ کاری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں نجی چینی سرمایہ کاری

بقیہ نمبر 44 صفحہ 5 پر

سے متعلق تبادلہ خیال کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سی پیک کے تحت جی ٹو جی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا معاشی و اقتصادی سرگرمیوں کی تیزی سے بلوچستان میں روزگار اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آئیں گے جس سے بلوچستان میں سماجی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا، اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سربراہ سعید احمد بھی موجود تھے۔

## بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے، وزیر اعلیٰ

**صدیوں سے آباد اقلیتوں کے مقامی افراد کے ساتھ عزت واحترام پر مبنی رشتے قائم ہیں**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے قومی دن کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور بنجے کمار اور ہندو اقلیت کی جانب سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی اور کیک کاٹا اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے اور صوبے میں صدیوں سے آباد اقلیتوں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

کے مقامی افراد کے مابین خوشگوار اور عزت واحترام پر مبنی رشتے قائم ہیں بلوچستان حکومت کی کوشش ہے کہ اقلیتوں کی فلاح اور بہبود کیلئے اقلیتی نمائندوں کی مشاورت سے ایسے ترقیاتی اور سماجی بہبود کے منصوبے تشکیل دیے جائیں جس سے اقلیتوں کی بہتری ممکن ہو سکے۔

## سرفراز بگٹی سے کیو بنگ مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والے نوجوان کی ملاقات

**نوجوانوں نے صلاحیتوں کی بدولت عالمی اور قومی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کیا، وزیر اعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کیو بنگ کے قومی مقابلوں میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کوئٹہ علمدار روڈ کے رہائشی نوجوان قابلائی خان نے ملاقات کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ملک گیر سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کرلے پر نوجوان کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور محنت کو سراہا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں نے اپنی صلاحیتوں کی بدولت عالمی اور قومی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کیا ہے ہمیں اپنے باصلاحیت نوجوانوں پر فخر ہے اور ہماری کوشش ہے کہ باصلاحیت نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر سی پی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 36 | بروز پیر 12 اگست 2024ء بمطابق 6 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ نمبر 220

Bullet No. 1

Page No. 9

## صدیوں سے آباد اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے

میر سرفراز بگٹی

### پارلیمنٹ، سرکاری اداروں سمیت ہر شعبہ زندگی میں اقلیتوں کی موثر نمائندگی جمہوری رویوں کی عکاس ہے

### اقلیتوں کا قومی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ہے، اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے اقلیتی نمائندوں کی مشاورت سے اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے، بلوچستان سے قومی اور صوبائی اسمبلی میں اقلیتوں کی نمائندگی موجود ہے، پارلیمنٹ، سرکاری اداروں سمیت ہر شعبہ زندگی میں اقلیتوں کی موثر نمائندگی جمہوری رویوں کی عکاس ہے، آئین پاکستان کے مطابق تمام شہریوں

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

کے حقوق مساوات پر مبنی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے مناسبت سے جاری کیے گئے پیغام میں کیا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے، بلوچستان سے قومی اور صوبائی اسمبلی میں اقلیتوں کی نمائندگی موجود ہے، پارلیمنٹ، سرکاری اداروں سمیت ہر شعبہ زندگی میں اقلیتوں کی موثر نمائندگی جمہوری رویوں کی عکاس ہے، آئین پاکستان کے مطابق تمام شہریوں کے حقوق مساوات پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صدیوں سے آباد اقلیتوں کا قومی تعمیر و ترقی نمایاں میں کردار ہے، اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے اقلیتی نمائندوں کی مشاورت سے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## فورسز کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، گورنر، وزیراعلیٰ

### دہشت و وحشت پر مبنی ذہنیت کے خاتمے کیلئے ہمیں من حیث القوم اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے دہشت گردوں کی فائرنگ نتیجے میں کیپٹن عزیز محمود ملک شہادت

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا۔ اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ دہشت و وحشت پر مبنی ذہنیت کے خاتمے کیلئے ہمیں من حیث القوم اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ گورنر مندوخیل نے شہید عزیز محمود ملک کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر و ہمت عطا کرنے کی دعا کی۔

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وادی تیراہ میں خوارج کے ساتھ جھڑپ میں شہید ہونے والے

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

لیفٹیننٹ عزیز محمود ملک کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک و قوم کی سلامتی کے لئے سیکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا اپنے جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہید لیفٹیننٹ عزیز محمود ملک جیسے بہادر قوم کا فخر ہیں جنہوں نے بہادری کے ساتھ خارجی دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور جام شہادت نوش کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف سیکورٹی فورسز کی ہی نہیں بلکہ پاکستان کے ہر فرد کی جنگ ہے سب کو مل جل کر اس جنگ میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے پاکستان کو ہر طرح کی دہشت گردی سے پاک کرنے کے لئے فرنٹ لائن پر یہ جنگ لڑنی ہے اور دہشت گردوں کو واضح پیغام دینا ہے کہ پاکستانی قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

10



کوئٹہ وزیر بلوچستان میر سرفراز بگٹی کیو بنگ قومی مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کوئٹہ کے نوجوان قابلائی خان سے بات چیت کر رہے ہیں


Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 20 | منگل 13 اگست 2024، 07 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ 126




کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل بلوچستان جشن آزادی بلو پن شوٹنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں، سرفراز بگٹی

## بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے

## صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی

بقیہ 4 صفحہ 6 پر

بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو آل بلوچستان جشن آزادی شوٹنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور اعلیٰ افسران بھی موجود تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جا رہی ہیں انہوں نے کہا کہ رائفل شوٹنگ، نشانہ بازی ہمارے بلوچ، پشتون اور مقامی ثقافت کا حصہ رہا ہے ہم کچھ عرصے سے یہ کھیل نظر انداز رہا اور موجودہ وقت اس کھیل کو زندہ کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی جشن آزادی کی مناسبت سے بہت کم وقت میں بہتر اور شاندار انداز میں رائفل شوٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

# وزیر اعلیٰ بلوچستان سے انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی کے وفد کی ملاقات

## بلوچستان میں نجی چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا


کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں نجی

بقیہ 24 صفحہ 6 پر

چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سی پیک کے تحت جی ٹو جی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا معاشی و اقتصادی سرگرمیوں کی تیزی سے بلوچستان میں روزگار اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آئیں گے جس سے بلوچستان میں سماجی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا، اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سربراہ سعید احمد بھی موجود تھے۔



کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اراکین اسمبلی اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں



کوئٹہ وزیر بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی نورزئی، رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین اور رکن میر میاں خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


10


Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ | صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 20 | منگل 13 اگست 2024ء 07 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ 126

کوئٹہ وزیر بلوچستان میر سرفراز بگٹی کیو بنگ قومی مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کوئٹہ کے نوجوان قابلائی خان سے بات چیت کر رہے ہیں

# ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں، سرفراز بگٹی

## بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے

## صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی بقیہ 4 صفحہ 6 پر

[illegible] بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے درپے [illegible] ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو آل بلوچستان [illegible] شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان بھر میں جشن [illegible] کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جا رہی ہیں انہوں نے کہا کہ رائفل شوٹنگ، نشانہ بازی کا کھیل بلوچ، پشتون [illegible] ثقافتی ورثہ کا حصہ [illegible] رہا ہے تاہم کچھ عرصہ سے یہ کھیل نظر انداز [illegible] وقت اس کھیل کو زندہ کرنے کی ضرورت [illegible] کی گئی جشن آزادی کی سرگرمیات میں بہت کم وقت میں بہتر اور [illegible] رائفل شوٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔



کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل بلوچستان جشن آزادی اوپن شوٹنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# وزیر اعلیٰ بلوچستان سے انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی کے وفد کی ملاقات

## بلوچستان میں نجی چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں نجی بقیہ 24 صفحہ 6 پر

چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سی پیک کے تحت جی ٹو جی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا معاشی و اقتصادی سرگرمیوں کی تیزی سے بلوچستان میں روزگار اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آئیں گے جس سے بلوچستان میں سماجی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا۔ اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سربراہ سعید احمد بھی موجود تھے۔



کوئٹہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اراکین اسمبلی اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں



کوئٹہ وزیر بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی نورزئی، رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین اور رکن میر میاں خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 — Page No. 11


Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | منگل 13 اگست 2024ء بمطابق 07 صفر المظفر 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔219


# ریاست اور عوام کے درمیان ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں

میر سرفراز بگٹی

**بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی**

**زندہ قومیں آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جارہی ہیں**

**سازشوں کے تدارک کے لئے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کی ضرورت ہے اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ بے بنیاد پروپیگنڈوں اور غلط بیانیہ کی حقیقت عوام اور نوجوانوں کے سامنے لانے کی ضرورت ہے**

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 2 پر)

کوئٹہ (ق ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 2 پر)

کے عوام محب وطن ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے وزیراعلیٰ نے جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گھوڑ سواری گالا میں شرکت کی اور مختلف ٹیموں کے مابین نیزہ بازی، ہارس جمپنگ کے مقابلوں گھوڑا رقص، روایتی بلوچی چاپ اور پولو بھی دیکھا وزیراعلیٰ نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے زندہ قومیں جشن آزادی کو پورے جوش و جذبے کے ساتھ مناتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سال جشن آزادی کو پورے صوبے میں جوش و خروش سے منایا جائے گا صوبے کے مختلف علاقوں میں ماہ اگست کے اوائل سے ہی جشن آزادی کی تقاریب کا سلسلہ جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا بلوچستان کے خلاف ایک منظم سازش جاری ہے اور ہم سب نے مل کر اس کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے نوجوانوں کو ففتھ جنریشن وار فیئر کے ذریعے ایک منفی پروپیگنڈے کا حصہ بنایا جا رہا ہے لیکن بلوچستان کے لوگ پاکستان سے محبت کرنے والے لوگ ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی ایجنڈے کا آلہ کار نہیں بنیں گے بلوچستان کے عوام پاکستان کی سالمیت، دفاع اور استحکام کے لیے ایک مضبوط چٹان کی مانند کھڑے ہیں وزیراعلیٰ نے گھوڑ سواری میلے میں مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا اور مقابلوں میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات کی بھی تعریف کی وزیراعلیٰ نے مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو انعامات بھی دیے تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ کھلاڑیوں اور عام عوام میں گھل مل گئے کھلاڑیوں اور عوام نے وزیراعلیٰ کے ساتھ سیلفیاں بھی بنائی اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر، صوبائی وزراء، اراکین قومی اسمبلی، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی سمیت اعلیٰ سول حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔


کے عوام محب وطن ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی اور منفی پروپیگنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے وزیراعلیٰ نے جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گھوڑ سواری گالا میں شرکت کی اور مختلف ٹیموں کے مابین نیزہ بازی، ہارس جمپنگ کے مقابلوں گھوڑا رقص، روایتی بلوچی چاپ اور پولو بھی دیکھا وزیراعلیٰ نے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے زندہ قومیں جشن آزادی کو پورے جوش و جذبے کے ساتھ مناتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سال جشن آزادی کو پورے صوبے میں جوش و خروش سے منایا جائے گا صوبے کے مختلف علاقوں میں ماہ اگست کے اوائل سے ہی جشن آزادی کی تقاریب کا سلسلہ جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا بلوچستان کے خلاف ایک منظم سازش جاری ہے اور ہم سب نے مل کر اس کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے نوجوانوں کو ففتھ جنریشن وار فیئر کے ذریعے ایک منفی پروپیگنڈے کا حصہ بنایا جا رہا ہے لیکن بلوچستان کے لوگ پاکستان سے محبت کرنے والے لوگ ہیں اور وہ کسی بھی بیرونی ایجنڈے کا آلہ کار نہیں بنیں گے بلوچستان کے عوام پاکستان کی سالمیت، دفاع اور استحکام کے لیے ایک مضبوط چٹان کی مانند کھڑے ہیں وزیراعلیٰ نے گھوڑ سواری میلے میں مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والی ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا اور مقابلوں میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات کی بھی تعریف کی وزیراعلیٰ نے مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کو انعامات بھی دیے تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ کھلاڑیوں اور عام عوام میں گھل مل گئے کھلاڑیوں اور عوام نے وزیراعلیٰ کے ساتھ سیلفیاں بھی بنائی اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی، ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر، صوبائی وزراء، اراکین قومی اسمبلی، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی سمیت اعلیٰ سول حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔


## وزیراعلیٰ بلوچستان سے شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل کمپنی کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں شنگھائی اے ڈی ایم انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں نجی چینی سرمایہ کاری سے متعلق تبادلہ خیال کیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر (بقیہ نمبر 38 صفحہ نمبر 7 پر)

سرفراز بگٹی نے کہا کہ سی پیک کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا معاشی و اقتصادی سرگرمیوں کی تیزی سے بلوچستان میں روزگار اور صنعتی ترقی کے مواقع میسر آئیں گے جس سے بلوچستان میں سماجی ترقی کا عمل بھی تیز ہوگا، اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سربراہ اسعد احمد بھی موجود تھے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

13

## بلوچستان کے باصلاحیت نوجوانوں پر فخر، حکومت حوصلہ افزائی کریگی، وزیراعلیٰ

### کوئٹہ کے قومی مقابلوں میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے نوجوان قابلائی خان کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کیوبنگ کے قومی مقابلوں میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے کوئٹہ علمدار روڈ کے رہائشی نوجوان قابلائی خان نے ملاقات کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ملک گیر سطح پر دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر نوجوان کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور محنت کو سراہا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں نے اپنی صلاحیتوں کی بدولت عالمی اور قومی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کیا ہے ہمیں اپنے باصلاحیت نوجوانوں پر فخر ہے اور ہماری کوشش ہے کہ باصلاحیت نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

THE DAILY
BAAKHABAR
QUEETA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 28 | منگل 13 اگست 2024ء بمطابق 07 صفر المظفر 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 221

# ریاست کو کمزور کرنیوالی قوتوں کا قلع قمع کردیں گے

## بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے، میر سرفراز بگٹی

مخصوص ٹولہ پروپیگنڈہ کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہے ملک دشمن قوتیں بلوچستان میں تین مختلف محاذ پر سرگرم ہیں

### جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پروپیگنڈے کے ذریعے ریاست اور اداروں میں دوریاں پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، وزیراعلیٰ بلوچستان کا تقریب سے خطاب


کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست اور عوام کے مابین ملک دشمن قوتیں خلیج پیدا کرنا چاہتی ہیں بلوچستان دشمن قوتوں کی زد میں ہے مخصوص ٹولہ پروپیگنڈا کے ذریعے ریاست کو کمزور کرنے کی کوشش کررہا ہے صوبائی حکومت ایسی تمام سازشوں اور عناصر کا قلع قمع کرے گی جو ریاست کو کمزور کرنے کے درپے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو آل بلوچستان جشن آزادی شوٹنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور اعلیٰ افسران بھی موجود تھے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ زندہ قومیں آزادی کا دن جوش و خروش سے مناتی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقاریب بھرپور طریقے سے منائی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ رائفل شوٹنگ نشانہ بازی کا کھیل بلوچ، پشتون اور مقامی قبائل کا کلچر رہا ہے تاہم کچھ عرصے سے یہ کھیل نظرانداز رہا اور موجودہ وقت اس کھیل کو زندہ کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی جشن آزادی کی تقریبات میں بہت کم وقت میں بہتر اور شاندار انداز میں رائفل شوٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کھیلوں کو فروغ دیکر شدت پسندی کے رویوں کو بدلا جاسکتا ہے ملک دشمن قوتیں بلوچستان میں تین مختلف محاذ پر سرگرم ہیں جن کا ادراک ضروری ہے سوشل میڈیا اچھی چیز تاہم بدقسمتی سے اس کا منفی استعمال کیا جارہا ہے دنیا نے اخلاقی اقدار کو مضبوط خطوط پر استوار کرکے سوشل میڈیا کو اپنایا جبکہ بلوچستان کے تناظر میں سوشل میڈیا کے ہتھیار کو بری طرح استعمال کیا گیا اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پروپیگنڈے کے ذریعے ریاست اور نوجوانوں میں دوریاں پیدا کرنے کی کوششیں کی گئیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ سازشوں کے تدارک کے لئے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کی ضرورت ہے اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ بے بنیاد پروپیگنڈوں اور غلط بیانیہ کی حقیقت عوام اور نوجوانوں کے سامنے لانے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایسے تمام عناصر کا قلع قمع کریں گے جو ریاست اور نوجوانوں کے درمیان پہاڑوں پر بیٹھ کر یا سوشل میڈیا پر دوریاں پیدا کررہے ہیں بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں اور ریاست کے خلاف تمام سازشیں ناکام ہوں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ جمہوری عمل کا حصہ ہوتے ہوئے صدر مملکت کے عہدے تک پہنچے میں نہیں سمجھتا کہ بلوچ کو اس سے بڑھ کر کسی آزادی کی ضرورت ہے ہمارے بزرگوں نے پاکستان کے ساتھ شمولیت کا جو فیصلہ کیا تھا اس پر قائم رہتے ہوئے اپنا لہو دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے اور وطن عزیز کی سالمیت کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے رائفل شوٹنگ چیمپئن شپ میں پوزیشن حاصل کرنے والے ونرز میں شیلڈز بھی تقسیم کیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ گھوڑسواری گالا کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار کاکڑ ملاقات کررہے ہیں




کوئٹہ، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اقلیتوں کے قومی دن کے حوالے دیگر کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 827 QUETTA Tuesday August 13, 2024 /Safar ul Muzaffar 07, 1446 Rs: 30

# Certain group trying to destabilize state through propaganda: CM

## Says social media is a good medium but negatively used in Pakistan

APP

QUETTA: Balochistan Chief Minister (CM) Mir Sarfraz Bugti on Monday said that living nations celebrate Independence Day with enthusiasm and a national spirit.

He expressed these views while addressing at the closing ceremony of the All Balochistan Independence Celebration Shooting Championship here. The Chief Minister stated that shooting sports have been a traditional activity for the Baloch, Pashtun, and local tribes. He said that there is a need to revive this sport.

He mentioned that Independence Day celebrations were underway throughout Balochistan, and also cautioned that some enemy forces are aiming to weaken Pakistan. A certain group is trying to destabilize the state through propaganda and violence which will be foiled by the contribution of security forces and the nation for the development of the country, he said adding that anti-national forces wanted to create a gulf between the state and the people.

He said that social media was a good thing, but it was being used negatively. He said that the world adopted social media by developing moral values on strong lines. He said that in the context of Balochistan, the weapon of social media was used badly whereas, positive use of social media was needed to prevent conspiracies. The provincial government will fail all such conspiracies and elements that were trying to weaken the state, he maintained.

He said, "we would eradicate all such elements who were creating distance between the state and the youth by sitting on mountains or utilizing social media". People of Balochistan are patriotic, all conspiracies against the state will be failed so that the country would put on track of development processes, he remarked. He said that being a part of the Baloch democratic process, he reached the position of president saying that he did not think that Baloch needed any more freedom than this.

Chief Minister of Balochistan Mir Sarfraz Bugti said that while sticking to the decision made by elders to join Pakistan, they would not hesitate to give their blood.

Independence celebrations are being held in Balochistan. Balochistan is under the influence of hostile forces who want to weaken Pakistan. The anti-national elements want to weaken the state through violence. The anti-national forces want to create a gap between the state and the people. Social media is a good thing, but it is being used negatively. Media has been adopted. In the context of Balochistan, the weapon of social media has been misused. Positive use of social media is needed to counter the conspiracies.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 16



QUETTA: Qesco CEO Engineer Shafqat Ali briefing Governor Balochistan Jafar Mandokhail about Qesco on Monday.

# Governor orders immediate end to unannounced loadshedding

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail on Monday directed Qesco that the series of unannounced load shedding of electricity should be stopped immediately because due to the negative effect of electricity load shedding and especially over-billing, even good consumers who pay electricity bills are now suffering.

So you should improve your office procedures, treat all customers fairly and take concrete practical steps to supply electricity with full voltage without causing inconvenience to the good customers. He expressed these views while speaking during the briefing given by Chief Executive Officer Qesco Engineer Shafqat Ali. Principal Secretary to Governor Balochistan Hashim Khan Ghalzai was also present on this occasion.

Governor Balochistan said that complaints of electricity consumers should be dealt with effectively to maintain high standards of customer service. He said that the officials of WAPDA should focus on paying the dues so that the overall performance of the institution can be improved.

In response to a question, the Governor of Balochistan urged the district administration to provide full support for the security of district-level Qesco officials.

Governor Balochistan made it clear that during working hours in big government offices and important centers of health and education, be very careful regarding the supply of electricity.

Governor, Balochistan Jafar Khan Mandokhail has said that we will say goodbye to petrol and diesel vehicles forever in the near future. In this regard, the introduction of electric cars by the Chinese group of companies in Balochistan will have revolutionary effects on the economy of the province. He said that we believe that this change will help us get rid of polluting petrol and expensive diesel vehicles. He expressed these views while talking to the delegation of Chinese Group of Companies.

On this occasion, Governor Balochistan said that there are profitable investment opportunities available in Balochistan and it is necessary that national and international investors make use of these profitable opportunities. The government is committed to provide full protection to all investors. Governor Mandokhail said that electric cars offer cheaper and pollution-free vehicles as an alternative.

In other words, this will be an important step towards eliminating petrol and diesel vehicles that are harmful to the environment. He said that electric vehicles have become more beneficial especially for government officials and this will also reduce the unnecessary expenses at the department level.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 21


## خضدار: محکمہ آبپاشی کے افسران وعملے کا ڈیمز اور آبی گزرگاہوں کا معائنہ

### تازہ ترین صورتحال اور ڈیمز میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش کا بغور جائزہ لیا

خضدار (خ ن) خضدار میں محکمہ آبپاشی کے آفیسرز اور عملہ حالیہ بارشوں اور سیلاب کے دوران فرائض منصبی احسن انداز میں نبھاتے ہوئے صوبائی وزیر محکمہ آبپاشی بلوچستان میر صادق عمرانی اور سیکریٹری آبپاشی حافظ عبدالماجد کی ہدایات واحکامات کی روشنی میں تمام تر وقت فیلڈ پر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

موجود رہے، ضلع خضدار کے قرب و جوار اور دور دراز کے ڈیمز، آبی گزرگاہوں کا معائنہ کیا اور وہاں تازہ ترین صورتحال اور ڈیمز میں پانی زخیرہ کرنے کی گنجائش کا بغور جائزہ لیا، جہاں اسپل ویز سے پانی اخراج کرنے کی ضرورت پیش آئی وہاں انہوں نے اسپل وے کھولنے کے لئے اقدامات اٹھائے۔ اور انہوں نے اس بڑے پیمانے پر ڈیمز میں پانی زخیرہ ہونے پر بے حد اطمینان کا اظہار اور اسے علاقے کے لئے فائدہ مند قرار دیدیا۔ چیف انجینئر اریگیشن یار محمد سپرنٹنڈنٹ انجینئر اریگیشن میر اورنگزیب زہری ایکسین محکمہ آبپاشی خضدار انجینئر فرید بندرانی و محکمے کا دیگر، عملہ دورہ کرنے والی ٹیم میں شامل تھا۔ ایکسین محکمہ اریگیشن خضدار انجینئر فرید بندرانی نے خضدار میں ڈیمز سے متعلق تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر محکمہ آبپاشی بلوچستان میر صادق عمرانی اور سیکریٹری محکمہ آبپاشی بلوچستان حافظ عبدالماجد کی ہدایات کے تحت خضدار میں محکمہ اریگیشن کا عملہ واسٹاف فیلڈ پر موجود اور تمام تر ڈیمز میں پانی کی گنجائش کی از خود نگرانی کر رہا ہے۔

## سبی، کوہلو، ہرنائی، ڈیرہ بگٹی، سوئی، زیارت میں سیکورٹی انتظامات

### تحفظ یقینی بنائیں گے، ریلیاں نکالی جائیں گی، کمشنر زاہد شاہ

سبی (آئی این پی) سبی ڈویژن میں پاکستان کا 78 واں یوم آزادی منانے کیلئے تیاریاں مکمل سبی کوہلو ہرنائی ڈیرہ بگٹی سوئی زیارت سمیت چھوٹے بڑے شہروں دیہاتوں کو سبز ہلالی پرچموں اور برقی قمقموں سے سجا دیا گیا فول پروف سیکورٹی انتظامات عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے ملک دشمن عناصر کو شکست کا سامنا ہے بلوچستان سمیت ملک کے ایک ایک انچ کا دفاع کرنا جانتے ہیں ضلعی انتظامی آفیسران پاک افواج ایف سی آفیسران ومحب وطن شہریوں کا عہد۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح سبی کوہلو ہرنائی ڈیرہ بگٹی سوئی زیارت سمیت چھوٹے بڑے شہروں دیہاتوں میں 78 واں یوم آزادی منانے کیلئے تمام انتظامات کو مکمل کرلیا گیا ہے کمشنر سبی ڈویژن سید زاہد شاہ و ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ کے مطابق پرچم کشائی سرکٹ ہاؤس سبی میں 7 بجکر 30 منٹ جبکہ پاک آرمی کی جانب سے سبی کینٹ سبی اسکاؤٹس

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

ہیڈ کوارٹر سبی میں کمانڈنٹ ایف سی (نارتھ) بلوچستان سبی اسکاؤٹس ڈی آئی جی اور ایس ایس پی کی جانب سے پولیس ہیڈ کوارٹرز میں پرچم کشائی کریں گے ایف سی (نارتھ) بلوچستان سبی اسکاؤٹس ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم آزادی ریلی کے علاوہ مختلف شہریوں کی جانب سے موٹر سائیکل کار ریلی جشن آزادی ریلیاں نکالی جائیں گے محب وطن شہریوں کا کہنا ہے کہ زندہ قومیں آزادی کا دن شان وشوکت سے مناتی ہیں اور اللہ تعالی کا شکر ہیں کہ ہم زندہ قوم ہیں ہر سال کی طرح اس سال بھی جشن آزادی کو ملی جوش وجذبے کے ساتھ منائیں گے واضح رہے کہ جشن آزادی پاکستان کے دن کا آغاز فجر کی نماز کے بعد وطن عزیز کی سلامتی، خوشحالی، آئین وقانون کی بلادستی اور سرحدوں کی حفاظت کی خصوصی دعاؤں سے کیا جائے گا ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں پوری قوم کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ایک ہی وقت میں پرچم کشائی قومی ترانہ بجایا جائے گا ملی نغموں تقریری مقابلے کھیلوں کے مقابلے اور دیگر کئی اہم تقریبات منعقد کی جائے گی شہر سمیت اہم سرکاری عمارتوں پر چراغاں بھی کر دیا گیا ہے۔

## کوئٹہ میں سائیکل ریس کل ہوگی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سائیکلنگ ایسوی ایشن کے زیر اہتمام 14 اگست کے حوالے سے جشن آزادی سائیکل ریس کل 14 اگست 2024، بروز بدھ کو ہوگی، تمام سائیکلسٹوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سہ پہر 2 بجے کچ موڑ خالد ائربیس پہنچ جائیں، اس بار سائیکل ریس کو 2 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، سب سے پہلے 30 کلو میٹر پر محیط اوپن سائیکل ریس ہوگی، جو کہ ہنہ اوڑک روڈ پر ہوگی، سائیکل ریس

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

کے بعد مختلف اداروں کے ساتھ مل کر جشن آزادی کی خوشیوں کو شایان شان طور پر منانے کے لئے ایک سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا ہے، سائیکل ریلی میں مختلف کیٹگری اور اداروں کے سائیکلسٹ حصہ لیں گے، سائیکل ریلی 5 بجے شروع ہوگی، بلوچستان سائیکلنگ ایسوی ایشن کے جنرل سیکرٹری جان عالم نے تمام سائیکلسٹوں کو تاکید کی ہے کہ وہ مقررہ وقت پر پہنچ جائیں اور اپنی بھرپور تیاری شروع کر دیں اور زیادہ سے زیادہ سائیکل ریس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔ سائیکلسٹ کسی بھی قسم کی معلومات کے لئے جان عالم سے موبائل نمبر 03118377729 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 2

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 22


عالمی بینک

# بلوچستان میں بہت زیادہ پوٹینشل موجود، انرجی ایکسپورٹر بن سکتا ہے

وسائل موثر استعمال کیے جائیں تو صوبہ اضافی توانائی پڑوسی صوبوں حتیٰ کہ دوسرے ممالک کو بھی برآمد کرسکتا ہے، رپورٹ

قابل تجدید توانائی میں سرمایہ کاری خطے کی توانائی کی صورتحال کو نمایاں طور پر تبدیل، بجلی کے نقصانات کو کم کرسکتا ہے

واشنگٹن (این این آئی) ورلڈ بینک کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں قابل تجدید توانائی کے لیے بہت زیادہ پوٹینشل موجود ہے جو صوبہ کو توانائی کے ایک بڑے برآمد کنندہ میں تبدیل کرسکتا ہے۔ یہ تبدیلی پاکستان کی توانائی درآمد کرنے کی ضرورت کو بہت کم کرسکتی ہے، زیادہ پائیدار توانائی کے مستقبل کا حصول بہت ممکن لگتا ہے۔ ورلڈ بینک کی ایک حالیہ تحقیق میں بلوچستان کے قابل تجدید توانائی کے ذرائع کے استعمال کے فوائد پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اگر موثر طریقے سے استعمال کیا جائے تو صوبہ اضافی توانائی پڑوسی صوبوں حتیٰ کہ دوسرے ممالک کو بھی برآمد کرسکتا ہے۔ اس سے توانائی کے گرڈ کو مستحکم کرنے اور توانائی کی مجموعی فراہمی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ بلوچستان سولر اور ونڈ انرجی کے وسائل سے مالا مال ہے۔ صوبے کے کچھ علاقے 2,500 kWh/m تک شمسی توانائی حاصل کرتے ہیں، جو اسے قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے لیے بہترین جگہ بناتا ہے۔ صوبے کے توانائی کے وسائل بجلی کی طلب سے اچھی طرح ملتے ہیں۔ بلوچستان میں قابل تجدید توانائی میں سرمایہ کاری خطے کی توانائی کی صورتحال کو نمایاں طور پر تبدیل کرسکتی ہے۔ یہ بجلی کے نقصانات کو کم کرسکتا ہے، مالی استحکام کو بڑھا سکتا ہے اور 2028 تک سالانہ نقصانات کو 500$ ملین تک کم کرسکتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 24


## 2022 کے سیلاب سے تباہی پر آج تک تعمیر نو کا کوئی کام نہیں ہوا، زیرے

**آمد و رفت کیلئے سڑکوں کی بحالی ضروری، حکومت اور متعلقہ ادارے فوری تعمیر نو کا کام شروع کریں**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے ضلع زیارت کے حالیہ تباہ کن بارشوں اور سیلابی ندی نالوں سے فصلات، باغات، کاریزات، گھروں، سرکاری عمارتوں، پروٹیکشن وال، سڑکوں کو ہونے والے نقصانات کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ پارٹی کے ضلعی زیارت کے سیکریٹری شاہ زمان خان ناظم مہر اللہ خان اور دیگر قبائلی عمائدین ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے اس موقع پر زرندہ تنگی کے 4، 5 سال پرانے ڈیم کے ٹوٹنے اور زرندہ کے نئے ڈیم پر پانی کے اوور فلو کی وجہ سے پیچ مختلف فصلات و باغات کی مکمل تباہی کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متاثرہ زمینداروں اور لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے مختلف آفات بالخصوص غیر معمولی اور اچانک بارشوں اور طوفانی، سیلابی ریلیوں کا آنا اب معمول بن گیا ہے مگر ہماری حکومتوں اور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور پراونشل مینجمنٹ اتھارٹی نے اس حوالے سے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں اُٹھائے ہیں ہر آفت کے بعد پہلے متاثرین کو ریسکیو کیا جاتا ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں فوری ریلیف کا کام کیا جاتا ہے اور طویل مدت کیلئے تعمیر نو اور بحالی کا کام کیا جاتا ہے مگر 2022 اگست کے مون سون کے تباہ کن بارشوں، سیلابی نالوں ہونے والے نقصانات کا آج تک تعمیر نو کا کوئی کام نہیں ہوا، صوبے کے مختلف علاقوں میں تباہی ہوئی مگر آج بھی وہ لوگ بے سروسامانی کی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں اور سب سے بڑی مثال کوئٹہ کے ہنہ اوڑک کی ہے جس میں گھروں، فصلات اور باغات کی بحالی تو دور کی بات ہے ہنہ اوڑک کی سڑک بھی نہیں بن سکی اور اب اس نئے طوفانی بارشوں اور سیلابی نالوں نے صوبے کے دیگر اضلاع کے ساتھ ساتھ زیارت کے تقریباً تمام یونین کونسلوں کو ہر لحاظ سے تباہ کیا۔ حکومت اُن کے ادارے، پی ڈی ایم اے، سی اینڈ ڈبلیو، اریگیشن، زراعت، جنگلات نے کوئی کام کیا اور نہ ہی ان کے درمیان کوئی رابطہ موجود ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے فوراً تعمیر نو کا کام شروع کریں آمد و رفت کیلئے سڑکوں کی بحالی ضروری ہے۔

---

INTEKHAB QUETTA

## چمن بارڈر پر پاسپورٹ کی شرط آج سے دوبارہ دھرنا دینے کا اعلان

ہمارے ساتھ دھوکہ کیا گیا، شناختی کارڈ اور تذکرہ کی بنیاد پر نقل و حرکت کے حوالے سے ہمارے ساتھ کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد نہیں ہوا

**دھرنا بارڈر شاہراہ پر مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا، اے این پی کے نیپ اور دیگر جماعتوں کی مشترکہ پریس کانفرنس**

چمن (یو این اے) چمن پاک افغان بارڈر پر آمد و رفت کے لئے پاسپورٹ کی شرط کے خلاف دوبارہ دھرنا دینے کیلئے عوامی نیشنل پارٹی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ، پشتون تحفظ موومنٹ اور لغڑی اتحاد کے رہنماؤں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ساتھ دھوکہ کیا گیا دھرنا کمیٹی نے دوبارہ اپنا احتجاج شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان چمن بارڈر سے شناختی کارڈ اور تذکرہ کی بنیاد پر نقل و

بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

حرکت کے حوالے سے ان کے ساتھ کئے گئے وعدے پر عمل درآمد نہیں ہوا۔ چمن میں آل پارٹیز و لغڑی (محنت کش) اتحاد اور لغڑی تاجر اتحاد نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان آمد و رفت کے لئے پاسپورٹ کی شرط کے خلاف بارڈر شاہراہ کے پرانے مقام پر 13 اگست بروز منگل کو دوبارہ احتجاجی دھرنے کا اعلان کیا ہے جو بارڈر شاہراہ پر مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گی اے این پی کے ضلعی صدر عبدالخالق خلیل این ڈی ایم کے رہنما جاوید خان پشتونخوا ایپ کے رہنما اعظم خان حیات خان اچکزئی، تاجر رہنما صادق اچکزئی لغڑی اتحاد کے سربراہ غوث اللہ عبدالولی عرف منڈ ولی امیر محمد سیکرٹری فیض محمد اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ چمن بارڈر شاہراہ پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ ان کے ساتھ اسیری کے دوران مذاکرات میں آمد و رفت کی بحالی کے لئے پرانے طرز آمد و رفت کے حوالے سے جو وعدے کئے گئے ان پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 25


## مستونگ، مسلح افراد کی فائرنگ، ڈپٹی کمشنر پنجگور جاں بحق

ڈسٹرکٹ چیئرمین اور ایک راہگیر زخمی

کھڈ کوچہ کے قریب 15 مسلح افراد نے انکی گاڑی کو نشانہ بنایا، زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا، آپریشن تھیٹر میں چل بسے

دہشتگردوں کا آخری حد تک پیچھا کرینگے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر داخلہ کا اظہار مذمت

مستونگ (نامہ نگار) ڈی سی پنجگور اور ڈسٹرکٹ چیئرمین پنجگور کی گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈی سی پنجگور ذاکر بلوچ جاں بحق جبکہ پنجگور کے ایم پی اے رحمت صالح بلوچ کے بھائی ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالمالک بلوچ اور حمیداللہ مینگل زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ اور ڈسٹرکٹ چیئرمین پنجگور عبدالمالک بلوچ کوئٹہ سے پنجگور جا رہے تھے کہ مستونگ شہر سے 20 کلومیٹر دور کھڈ کوچہ میں پندرہ کے قریب مسلح افراد نے ان کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس سے ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ، ڈسٹرکٹ چیئرمین پنجگور عبدالمالک بلوچ اور ایک راہ گیر حمیداللہ مینگل گولیاں لگنے سے زخمی ہوئے۔ اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر مستونگ سمیع اللہ آغا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالسنان اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اکرم حریفال نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے اور زخمیوں کو نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ منتقل کیا۔ جہاں ڈپٹی کمشنر پنجگور کو آپریشن تھیٹر منتقل کیا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے جبکہ ڈسٹرکٹ چیئرمین پنجگور عبدالمالک بلوچ اور راہ گیر حمیداللہ مینگل کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد کوئٹہ منتقل کردیا۔ ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ کی لاش ضروری کارروائی کے بعد کوئٹہ منتقل کردی گئی۔ جہاں سے صوبائی حکومت ان کی لاش ہیلی کاپٹر کے ذریعے ان کے آبائی علاقہ کیچ (تربت) روانہ کریگی۔ عینی شاہدین کے مطابق کھڈ کوچہ میں مسلح حملہ آوروں کی تعداد 15 کے قریب تھی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے واقعے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردوں کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے، اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کا واقعہ قابل مذمت ہے ذاکر بلوچ حکومت بلوچستان کے ایک باصلاحیت افسر تھے، جنہوں نے مختلف ذمہ داریاں بطریق احسن نبھائیں شہید سول سروس کا ابھرتا ہوا درخشاں ستارہ تھے۔ جن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعہ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو معاف نہیں کیا جائے گا دہشت گردوں کا آخری حد تک پیچھا کریں گے دہشت گردوں کے خلاف لڑائی میں سب کو متحد ہو کر جواب دینا ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ذاکر بلوچ کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لئے دعا کی جبکہ زخمی افراد کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ڈپٹی کمشنر پنجگور ذاکر بلوچ کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کا پہلے بھی مقابلہ کیا اب بھی پوری قوت اور طاقت سے اس کا قلع قمع کریں گے۔ ارض وطن پر موجود ایک ایک دہشتگرد اور ملک دشمن کا صفایا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

## کوئٹہ: دستی بموں کے دو حملے، 4 بچوں سمیت 7 افراد زخمی

چالو باوڑی کے مقام پر ریڑھی بانوں، سریاب مل میں گرلز کالج کے گیٹ کو نشانہ بنایا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن چالو باوڑی اور گرلز ڈگری کالج سریاب پر دستی بم حملوں میں چار بچوں اور سبزی و فروٹ فروشوں سمیت 7 افراد زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے چالو باوڑی کے قریب سبزی اور فروٹ کی ریڑھیوں سے لوگ خریداری میں مصروف تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے۔ بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں چار راہگیر بچے 8 سالہ سمیع اللہ، 11 سالہ خان، 12 سالہ مجیب، 15 سالہ عمران اور ریڑھی بان عبدالمالک، حضرت اللہ، منان زخمی ہو گئے، دھماکے کے باعث بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملنے پر پولیس ایف سی اور سی ٹی ڈی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق بم دیسی ساختہ تھا۔ دریں اثناء نامعلوم موٹر سائیکل سوار پیر کی شب سریاب مل اسکیم میں واقعہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کے مین گیٹ پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے۔ بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں کالج کے گیٹ اور دیوار کو جزوی نقصان پہنچا اطلاع ملنے پر پولیس ایف سی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

## منگچر: نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ٹریلر کے ٹائر برسٹ ہو گئے

قلات (نامہ نگار) لیویز ذرائع کے مطابق منگچر کمپلیکس (بدرنگ) ایریا میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ٹریلر کے ٹائر برسٹ کردیئے کچھ گولیاں گاڑی کے شیشے اور باڈی میں بھی لگیں تاہم ڈرائیور اور کلینر محفوظ رہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بارکھان لیویز فورس کی گاڑی پر حملہ گاڑی کے شیشے توڑے گئے

نامعلوم افراد گاڑی سے سرکاری اسلحہ اور قیمتی کاغذات اٹھا کر فرار ہو گئے

بارکھان (یو این اے) بارکھان لیویز فورس کی گاڑی پر حملہ، حملے سے گاڑی کے شیشے توڑے گئے گاڑی سے سرکاری اسلحہ اور قیمتی کاغذات نامعلوم افراد اٹھا کر فرار ہو گئے لیویز فورس کے مطابق لیویز کے جوان جشن آزادی 14 اگست کی تیاریوں میں مصروف ......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

لیویز فورس کے جوانوں کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا نامعلوم افراد سرکاری اسلحہ اور قیمتی کاغذات اٹھا کر فرار ہو گئے واقعے کی تحقیقات جاری۔ تفصیلات کے مطابق بارکھان، رکنی شہر میں لیویز فورس کی گاڑی پر حملہ لیویز فورس کی گاڑی کے شیشے توڑے گئے لیویز فورس کی گاڑی سے قیمتی کاغذات اور سرکاری اسلحہ غائب۔ لیویز فورس کے مطابق گاڑی لیویز تھانے کے باہر کھڑی تھی اچانک نامعلوم افراد نے لیویز فورس کی گاڑی پر حملہ کر دیا حملے کے بعد لیویز فورس کی گاڑی کے شیشے توڑے گئے وہاں سے گاڑی کے قیمتی کاغذات اور سرکاری اسلحہ لے کر نامعلوم افراد موقع واردات سے فرار لیویز فورس کی جانب سے پولیس کو مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے

INTEKHAB QUETTA

## جھل مگسی میں مسلح افراد موٹر سائیکل چھین کر فرار

جھل مگسی (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع جھل مگسی میں مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہو گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ضلع جھل مگسی میں گیس کیمپ کے قریب گزکھڑ سے آنے والے یامین ولد گلاب اور محمد شریف ولد اللہ ڈنہ وزدانی کو مسلح افراد گن پوائنٹ پر روک کر موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہو گئے اس سلسلے میں متعلقہ انتظامیہ کو آگاہ کر دیا گیا بقیہ نمبر 19 صفحہ 5 پر

ہے جو اسبابت تحقیقات کر رہی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 26


## شہر اور نواحی علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ سے عوام پریشان

### معمولات زندگی متاثر، پانی کی قلت بڑھ گئی، کاروبار بھی ٹھپ ہو کر رہ گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر اور نواحی علاقوں میں بجلی کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ نے گھریلو اور کمرشل صارفین کی زندگی اجیرن کر دی، کئی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 16 گھنٹے تک پہنچ گیا۔ جس کے باعث گرمی میں شہریوں کی مشکلات میں بھی اضافہ معمولات زندگی متاثر اور کاروبار بھی ٹھپ کر دیا، پانی کی قلت بڑھ گئی جبکہ وولٹیج کی کمی بیشی سے برقی آلات جلنا معمول بن چکا ہے۔ سینچری ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا تھا بجلی میسر نہیں اور بھاری بھرکم بل بھیجے جاتے ہیں گرمی کے ستائے شہریوں نے کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم اور وولٹیج کی کمی بیشی کا مسئلہ مستقل طور پر حل کرنے کے اقدامات کیے جائیں۔ کیسکو حکام نے اپنا موقف نہیں دیا۔

INTEKHAB QUETTA

## شاہ نورانی پل بہہ جانے سے زائرین سمیت مکینوں کو مشکلات کا سامنا

### ٹریفک کی آمدورفت معطل، انتظامیہ نے تاحال پل کی بحالی کیلئے کوئی اقدام نہیں اٹھایا

حب (نمائندہ انتخاب) حالیہ مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں سے شاہ نورانی پل بہہ جانے سے زائرین سمیت وہاں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا، ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی ہے جس کی وجہ سے نہ صرف مقامی لوگوں بلکہ شاہ نورانی جانے والے زائرین کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انتظامیہ کی جانب سے بہہ جانے والی پل کی بحالی کیلئے تاحال اقدام اٹھایا نہیں جا سکا اس حوالے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 5 پر

لیے کام کیا ہے انھوں نے کہا کہ قائداعظم کے 11 اگست کے تصور پر پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عمل کیا قابل ذکر بات ہے کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے بطور وزیراعظم اقلیتوں کے مسائل کے حل و بہبود کے لئے سنجیدگی سے کام کیا پاکستانی اقلیتی برادری پیارے وطن کی خدمت میں صف اول میں اپنا کردار کر رہے ہیں تمام پاکستانی مختلف مذاہب کے پیروکار ہونے کے باوجود، ہم سب پاکستانی ہیں یہ ہماری قوم ہے انھوں نے کہا کہ 11 اگست کا دن ہمارے ملکی کیلنڈر میں خاص اہمیت کا حامل ہے پاکستانی اقلیتی برداری نے دفاع، سیاسی و سماجی میدان، تعلیم صحت، عدل، سائنس، انڈسٹریز، ملکی معیشت، میں اپنا لوہا منوایا ہے پاکستان کی اقلیتیں ان تمام گروہوں اور لوگوں کے خلاف ہیں جو پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کرتے ہیں پاکستانی اقلیتی عوام وطن عزیز کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ آئیں مل کر عہد کریں کہ ہم پاکستان کی ترقی وسلامتی اور رواداری، ہم آہنگی، اتحاد اور خوشحالی کے لیے عملی جدوجہد کریں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No 6 Dated: 13 AUG 2024 Page No. 27

# Rising unemployment

The rate of unemployment is rapidly increasing in Balochistan. It has the highest unemployment rate in Pakistan. About 9.13 percent of people are unemployed in Balochistan. Despite being the largest and richest province by natural resources, the province is the most deprived and undeveloped region of Pakistan.Provision of employment to citizens is only possible when the government has plenty of resources to hire a workforce. Since Balochistan lacks industries and a vibrant market, therefore the unemployment ratio in the province is very high as compared to other provinces of the country. Due to lack of industries and other business activities, the people prefer to secure government jobs. And it is not possible for any government to provide jobs to every citizen. A large portion of the population of Balochistan is directly or indirectly associated with Agriculture to make both hands meet. Unfortunately, this sector is underdeveloped and facing difficulties such as drought and water scarcity. On the other hand, the droughts and untimely rains have inflicted huge financial losses to people associated with the agriculture sector. Therefore, the unemployment rate in Balochistan is increasing very fast and it is the duty of the government to tackle these issues seriously and prudently before it is too late. There are reports that a number of vacant vacancies in different departments are not filled. The process of recruiting is very slow and the date of test and interviews of various departments are always cancelled or altered that further multiplied the miseries of jobless youth. It is inevitable that the government must expedite the process of recruitment and advertise all posts lying vacant in different departments so that the unemployed ratio could be decreased. The daily wagers and people working in private sectors remained jobless and a large number of small businessmen could not make recovery of damages caused by lockdown. To address the unemployment in Balochistan, the newly formed federal and provincial governments must take remedy measures to provide employment and a respectable earning to the youth. Despite being the epicenter of China-Pakistan Economic Corridor and with only 1.5 percent of total population of the country unemployment, poverty and backwardness looming in the province. It is very unfortunate that despite being a mineral rich province and having a long coastal belt, the rulers did not make efforts to exploit the mineral resources for the welfare and development of the masses. It is hoped that the incumbent government will take long lasting measures to provide employment to the youth, revive the agriculture sector and encourage business activities in the province.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 28


# یوم آزادی اور نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ

گوادر پاکستان کے جنوب مغرب میں صوبہ بلوچستان میں بحیرہ عرب کنارے واقع تاریخی شہر جو دنیا کے سب سے بڑے بحری تجارتی راستے اور وہاں قائم دنیا کی جدید ترین بندرگاہ کے باعث عالمی طور پر جانا جاتا ہے میں پاکستان کے سب سے بڑے جدید ترین ایئر پورٹ کا افتتاح ہونے جا رہا ہے یہ ایک خواب تھا جو پورا ہو چکا یہ پاکستان کی اکانومی میں انقلاب کا باعث ہوگا، وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر مشترکہ طور پر اس کا افتتاح کریں گے مستقبل میں تجارتی و صنعتی حب بننے والے اس عالمگیر شہر میں ایسے جدید پورٹ کا قیام ناگزیر تھا اب اسے مزید عالمی شہر کا درجہ حاصل ہوگا، دنیا بھر کے سرمایہ دار شدت سے اس اہم ایئر پورٹ کے منتظر تھے یہ نیا ہوائی اڈہ گوادر کے پرانے ہوائی اڈے سے 26 کلومیٹر دور شمال مشرق میں مکمل طور پر نئے سرے سے تعمیر کیا گیا اسلام آباد ایئر پورٹ کے بعد پاکستان میں تعمیر ہونے والا دوسرا گرین فیلڈ ایئر پورٹ اوپن اسکائی پالیسی کے تحت یہ منصوبہ سی پیک اور ون بیلٹ چینی منصوبے کا حصہ ہے، جس سے گوادر بندرگاہ کی ترقی میں بھی بے پناہ اضافہ ہوگا اس خطے کی اہمیت دنیا میں یکسر بدل جائے گی، چین اور کسی حد تک اومان کی مدد سے یہ عظیم ایئر پورٹ 54 ارب 98 کروڑ روپے مالیت سے 4300 ایکٹر پر رقبہ پر مکمل کیا گیا جہاں دنیا کا سب سے بڑا جہاز بھی اتر سکتا ہے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کا ماڈرن ٹرمینل چینی انجینئرز کا شاہکار ہے عمارت کا مرکزی ڈھانچہ 4600 ٹن اسٹیل سے مکمل کیا گیا رقبے کے لحاظ سے بڑا اور ساحل سمندر پر دنیا کا خوبصورت ترین ایئر پورٹ بین الاقوامی جدت کا عملی نمونہ ہے یہ بیسٹ آف دی آرٹ کا نمونہ گرین فیلڈ ایئر پورٹ دوبئی، شارجہ، دوحا اور سنگا پور کی طرح فضائی آمد و رفت اور کاروباری اہمیت کو مد نظر رکھ کر تعمیر کیا گیا جس میں بیک وقت 500 گاڑیوں کی پارکنگ کے ساتھ 3 ہزار ٹن سالانہ کارگو کی سہولت ہے یہ کارگو ٹرمینل پاکستان کے



پہلو

تحریر: صابر مغل

sabirmughal27@gmail.com

ہر ایئر پورٹ کے کارگو ٹرمینل سے بڑا بنایا گیا جس میں پھلوں، سبزیوں اور مچھلیوں سمیت دیگر اہم چیزوں کو فریش رکھنے کے لئے ریفریجریشن کی سہولت بھی موجود ہے، 6 کلومیٹر سے زائد طویل جدید ترین رن وے جو ایئر پورٹ کا مرکز جو انٹرنیشنل معیار کے مطابق تمام مراحل میں مکمل کر کے دنیا بھی کی نظریں اپنی طرف مرکوز کر چکا ہے یہ حیرت انگیز رن وے جس میں ایک ہی وقت اے ٹی آر 72، بوئنگ 770 تنگ باڈی والے جہازوں کے ساتھ وائٹ باڈی والے جہازوں ایئر بس 380A اور بوئنگ 747 بی کی گنجائش ہے یہاں دنیا کا سب سے بڑا جہاز لینڈنگ اور پرواز کر سکتا ہے، اس جدید رن وے پر انٹرنیشنل معیار کے بنیادی نشانات، حلقے نشانات، مرکزی لکیر، لازمی نشانات، علامتی نشانات، فاصلے اور مقام کی نشانیاں لگائی گئی ہیں یہ ایشیا کا سب سے جدید اور بڑا گرین فیلڈ ایئر پورٹ ہے، جس کے رن وے کے ساتھ 75 فٹ چوڑا ٹیکسی وے، سائیڈوں میں کچھ فاصلے پر 35-35 فٹ چوڑے شولڈر بنے ہوئے ہیں یہاں طیارے پورا سال دن ہو رات موسم کیسا بھی ہو ٹیک آف اور لینڈنگ کر سکیں گے رن وے پر چینی کنسٹرکشن کمپنی نے وہ لائٹس نصب کی ہیں جو گذشتہ سال بیجنگ کے جدید ترین ایئر پورٹ پر پروازوں کی سہولت کے لئے لگائی گئی تھیں، ایئر پورٹ کا دوسرا رن وے پہلے سے شمال جانب بنانے کا منصوبہ ہے ایئر پورٹ میں جدید ایئر ٹریفک کنٹرول ٹاور، فائر، ریسکیو، ایپرن، ٹیکسی وے، آپریشنل بلڈنگ، کمپلیکس رجسٹریشن آفس، واٹر سپلائی سسٹم، پی ٹی سی ایل فائبر آپٹک، ڈی سیلینیشن پلانٹ، گرڈ اسٹیشن، اور سیکیورٹی سسٹم کی جانچ کے 300 بور ہول مرکز قائم ہیں، پاکستان اور چین نے ایئر پورٹ کے انتظامات کو سنبھالنے کے لئے بہت بڑا منصوبہ تیار کیا جس میں تعینات عملہ کو خصوصی تربیتی کورسز کرائے گئے 20 افسران کو جن میں اے ٹی سی، ایئر پورٹ سروسز، انجینئرنگ اور الیکٹرانک وغیرہ کے ماہرین شامل تھے جنہوں نے پاکستان آ کر باقی عملے کو تربیت دی، 39 ہولڈ یا ہینڈ بیگ مشینیں نصب ہیں جن کے ذریعے مسافروں کی اسکریننگ پاسپورٹ کی بائیو میٹرک چپ میں موجود ڈیٹا استعمال کیا جائے گا اس نئی ٹیکنالوجی سے بین الاقوامی سطح پر قابل اعتماد عنصر جا۔ اس نظام سے مسافروں کے چہرے، فنگر پرنٹس اور مجموعی شناخت کے بعد گیٹ خود بخود کھل جایا کریں گے جو عالمی تقاضوں کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ متاثر کن بھی ہیں، گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کی جدید تعمیر میں یہ پہلو بھی شامل ہے کہ یورپ اور ایشیاء کے درمیان سفر کرنے والے چھوٹے ہوائی جہازوں کو یہاں سے کم سے کم اخراجات میں ریفیولنگ کی بھی آفر دی جائے گی جس سے شارجہ، دوبئی کا ایئر ٹریفک پاکستان کی جانب مڑ سکتا ہے جس سے متعلقہ ایئر لائن کو نہ صرف 2 گھنٹہ وقت کی بچت بلکہ فیول کی مد میں بھی بچت ہوگی، اس عمل سے پاکستان 500 ارب روپے تک سالانہ کما سکتا ہے، افتتاح کے موقع پر پی آئی اے کی خصوصی پرواز کراچی سے گوادر لینڈنگ کرے گی، اس سے قبل 4 جولائی 2022 سی اے اے کے کلیبریشن ایئر کرافٹ نے یہاں پہلی آزمائشی لینڈنگ کی تھی جسے لینڈنگ کے بعد روایتی کینن سیلوٹ پیش کیا گیا، برسوں پہلے امریکی جیالوجیکل سروے ٹیم نے گوادر کو سی پورٹ کے لئے بہترین مقام قرار دیا تھا، گوادر کو پاکستانی وزیر اعظم فیروز خان نون نے مذاکرات کے بعد 1958 میں 5 ارب 50 کروڑ روپے میں عمان سے خریدا، اومان کو یہ علاقہ خان آف قلات نے دیا تھا، 15 ہزار 210 مربع کلومیٹر پر محیط جس کی ساحلی پٹی 600 کلومیٹر اور وہ کراچی سے 3 سو کلومیٹر فاصلے پر واقع یہ شہر مکران کوسٹل ہائی وے کے ذریعے کراچی اور بلوچستان کے ساحلی شہروں کے ساتھ منسلک ہے، 50 ہزار سے زائد آبادی کے شہر کو تین اطراف سے سمندر نے گھیر رکھا ہے جس کے ارد گرد مٹی کی بلند و بالا چٹانیں قائم ہیں گوادر کے معنی ہیں۔ ہوا کا دروازہ۔ گوا کا مطلب ہوا اور در کا معنی دروازہ ہے ہوا کا یہ دروازہ اب ایم 8 کے ذریعے 892 کلومیٹر طویل موٹر وے سے تربت، آواران اور رتو ڈیرو، ایم 7، ایم 6 اور انڈس ہائی وے کے ذریعے گوادر اور چین زمینی راستے سے براہ راست منسلک ہو جائیں گے، یہ سب پاکستان اور چین کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے وہ دن دور نہیں جب یہ شہر دنیا کی سب سے گہرے پانی والی بندرگاہ اور جدید ترین ایئر پورٹ کی وجہ سے نہ صرف پاکستان، چین بلکہ افغانستان اور وسط ایشیاء کی تمام ریاستوں کی تجارت کا سارا دارومدار اسی شہر پر انحصار کرے گا، ہوا کا یہ دروازہ اب کھل چکا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 13 AUG 2024 Page No. 27

# "تحریک آزادی میں بلوچستان کا کردار"

صوبہ بلوچستان پاکستان کا اہم ترین اور رقبہ کے اعتبار سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔ جدوجہد آزادی میں بلوچستان کا کردار پاکستان کے کسی بھی دوسرے خطے سے کم نہیں پاکستان ایک گلدستہ کی مانند ہے اور بلوچستان اس گلدستے کا انتہائی خوبصورت اور خوشبودار پھول ہے۔ بلوچستان کے لوگ پاکستان سے والہانہ محبت کرتے ہیں حصول پاکستان کے لیے بلوچستان کے مشاہیر کی خدمات نے تاریخ پر ان مٹ نقوش ثبت کیے۔ تقسیم ہند کے وقت قلات لسبیلہ، مکران اور خاران کے حکمرانوں نے انگریز حکومت کی طرف سے آزاد رہنے کی پیش کش کو اپنے پاؤں سے ٹھوکر ماردی اور قائد اعظم محمد علی جناح کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے پاکستان سے الحاق کرلیا۔ قائد اعظم جب خان آف قلات سے ملنے گئے تو خان معظم نے انہیں سونے میں تولا اور اپنی ریاست کے وسائل اور فوج کو قائد اعظم کے استعمال میں دینے کی پیش کش کی۔ خان معظم، میر احمد یار خان، خان آف قلات کو قائد اعظم اور پاکستان سے اتنا لگاؤ تھا کہ انہوں نے قائد اعظم سے کہا کہ "اگر خدانخواستہ پاکستان نہ بن پایا تو آپ بے شک قلات کا نام پاکستان رکھ دیجئے گا"۔ افسوس کہ آج بلوچستان کے حوالے سے تاریخی حقائق کو مسخ کرکے نئی نسل کے سامنے پیش کیا جارہا ہے۔ پاکستان 14 اگست 1947 کو معرض وجود میں آیا لیکن قلات کا الحاق 27 مارچ 1948 کو ہوا اور اس کے پیچھے ایک مکمل کہانی ہے۔ 1940 میں جب قرارداد پاکستان منظور ہوئی تو قاضی عیسیٰ بلوچستان کی نمائندگی کررہے تھے۔ انہوں نے اس قرارداد کی بھرپور حمایت کی جس نے بالآخر قیام پاکستان کی راہ ہموار کی۔ تاریخی طور پر دیکھا جائے تو پاکستان کو ملنے والا بلوچستان تین قسم کے علاقوں پر مشتمل تھا۔ سب سے پہلے، اس علاقے کی ایک لمبی پٹی تھی جو بلوچستان کو افغانستان اور شمال مغربی سرحدی صوبے (خیبر پختونخوا) سے الگ کرتی تھی۔ یہ دونوں علاقے براہ راست انگریزوں کے زیر انتظام تھے اور اس



افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaqhz@gmail.com
facebook.com/naseemulhaqzahid

علاقے کا مقصد بلوچ قبائل کو ان کے پڑوسیوں سے الگ تھلگ کرنا تھا۔ دوسری بات یہ کہ کچھ اضلاع ایسے تھے، جنہیں خان آف قلات نے لیز پر دیا تھا۔ اس وقت کے چیف کمشنر کے پاس ان لیز پر دیئے گئے اضلاع اور براہ راست اپنے زیر انتظام پٹی کا کنٹرول تھا۔ تیسرا وہ علاقہ تھا جس پر سرداروں کا کنٹرول تھا، ان سرداروں کا انگریز حکومت کے ساتھ معاہدہ تھا۔ وہ داخلی طور پر آزاد تھے لیکن ان کے بیرونی تعلقات حکومت ہند کے زیر کنٹرول تھے۔ خان آف قلات نے قائد اعظم اور پاکستان سے اپنی والہانہ محبت کا ثبوت دیتے ہوئے پاکستان میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ اس اعلان کے فوراً بعد کانگریس کے وفاداروں اور تنخواہ دار دشمنوں نے بلوچستان میں پاکستان کے خلاف مسلح بغاوت کی سازشیں شروع کردیں۔ الحاق کے بعد 16 مئی 1948 کو خان قلات کے بھائی عبدالکریم خان نے پاکستان کے خلاف بغاوت کا اعلان کرتے ہوئے افغانستان کے علاقے شوراوک کو اپنا ہیڈ کوارٹر بنالیا۔ مگر دوسری طرف خان آف قلات میر احمد یار خان نے ایک اشتہار جاری کرکے بلوچ قوم سے اپیل کی کہ "عبدالکریم خان" ان کی مرضی ومنشا کے خلاف پاکستان کا باغی ہوگیا ہے اس لیے اس کی کوئی مدد اور معاونت نہ کی جائے۔ لیکن پرنس عبدالکریم کو بھارت کی مکمل شہ تھی اس لیے وہ افغانستان سے مدد اور اسلحہ لے کر بلوچستان میں داخل ہوگیا۔ اس وقت اس کی فوج کی تعداد ایک ہزار سے بھی زیادہ تھی جس پر افواج پاکستان نے بریگیڈ محمد اکبر خان کی قیادت میں بھارت اور ظاہر شاہ کی اس سازش کو ناکام بناتے ہوئے ان کا حملہ پسپا کردیا۔ آج اس صوبے کو لہولہو کرنے کے لیے بھارتی خفیہ ایجنسیوں کے لوگ پیش پیش ہیں۔ آج شدت پسند بلوچ تحریکیں اور ان کے نام نہاد لیڈر جیسا کہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، سمی دین بلوچ اور ماما قدیر اسی سازش کا حصہ ہیں جو بھارت کے ان ایجنٹوں اور ان کے اجداد نے 1947ء میں پنڈت نہرو کی زیر قیادت کام کرنے والی آل انڈیا سٹیٹ پیپلز کانفرنس کے تحت کیا تھا۔ تاریخ کے ان اوراق کو بلوچ عوام کے سامنے لانا ضروری ہوگیا ہے کیونکہ یہ ملک دشمن ایجنٹ دراصل خان آف قلات کے اس لیے خلاف تھے کہ وہ اپنے بھائی عبدالکریم خان جس کی افغانستان کے ظاہر شاہ خاندان سے قریبی رشتہ داری تھی کی پاکستان کے خلاف سازش میں شریک نہیں ہوئے تھے۔ خان آف قلات کسی صورت اس سازش کا حصہ نہیں بن سکتے تھے کیونکہ وہ ایک محب وطن انسان اور قائد اعظم کے قریبی ساتھی تھے۔ تحریک آزادی پاکستان میں بلوچ نواب حضرات کا بڑا اہم کردار ہے جسے کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا آج شدت پسند اور ریاست مخالف عناصر کی جانب سے بلوچستان کے حوالے سے بے بنیاد پروپیگنڈا تاریخ کو مسخ کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ خان آف قلات نے اپنی خوشی کے ساتھ پاکستان سے الحاق کیا تھا۔ بلوچستان الحاق کے معاملے میں ہمیشہ سے منفی پراپیگنڈا کرکے نئی نسل کو گمراہ کیا گیا ہے۔ حالانکہ ریاست پاکستان نے ہمیشہ بلوچستان اور بلوچ قوم سے اسی طرح محبت کی ہے جس طرح بانی پاکستان محمد علی جناح کیا کرتے تھے۔ آپ نے 4 فروری 1948 کو سبی دربار میں تقریر کے دوران فرمایا تھا: "آپ سب کو علم ہے کہ میرا بلوچستان کے ساتھ تعلق ایک طویل عرصے پر محیط ہے۔ جب میں پلٹ کر ان ایام پر نظر ڈالتا ہوں۔ جب ان صوبے کے عوام نے میرے ساتھ شانے سے شانہ ملا کر جدوجہد آزادی میں حصہ لیا تو مجھے ایک گونہ اطمینان ہوتا۔ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے آپ نے پاکستان کے دیگر صوبوں کے بھائیوں کے مقابلے میں کچھ کم حق ادا نہیں کیا۔" 18 ویں آئینی ترمیم سے بلوچستان کو ملنے والے حقوق اور وسائل میں اضافہ کیا گیا اور وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے میگا پروجیکٹس بلوچستان کی سماجی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ بلوچستان کے لوگوں اور ریاست کے درمیان رشتہ کمزور کرنے کی کوششوں سے وہ ترقیاتی منصوبے متاثر ہوسکتے ہیں جو اس صوبے کی پسماندگی، افلاس اور محرومی کا خاتمہ کرسکتے ہیں۔ شرپسند اور ریاست مخالف عناصر بلوچستان کے حوالے سے ریاست پاکستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا کرکے بلوچ نوجوان نسل کو گمراہ کرکے ریاست کا باغی بنارہے ہیں۔ ان کا مقصد بلوچستان میں دہشت گردی، انتہا پسندی اور بدامنی کو فروغ دینا ہے۔ تاریخ سے واقف لوگ جانتے ہیں کہ بلوچستان کے عوام پاکستان کا حصہ بننے کی خواہش رکھتے تھے۔ افسوس کہ آج چند لوگ اپنے آباو اجداد کے وطن پرستی کے راستے کو چھوڑ کر غداروں کے بہکاوے میں آکر ملک دشمنی کی راہوں پر چل پڑے ہیں۔ تاہم بلوچستان کے غیور عوام دشمن کی ایسی ناپاک سازش ناکام بنانے کا بھرپور عزم رکھتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 13 AUG 2024 Page No. ______



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مالی سال 2023\24 ریونیو ریویو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ریونیو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA


Bullet No.

Dated: 13 AUG 2024 Page No.



کوئٹہ، صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA



صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اور پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی ملاقات کے موقع پر بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner